Inam / Sadiq

25-01-2025

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............

**Music**

1- وزیراعظم نریندرمودی نے آج گوہاٹی میں سرمایہ کاری اور بنیادی ڈھانچے سے متعلق ایڈوانٹیج آسام دوئم چوٹی میٹنگ کا افتتاح کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ آسام میں اِسٹارٹ اَپ تیزی سے فروغ پارہے ہیں اور جلد ہی ملک کا شمال مشرقی حصہ مال تیار کرنے والا ایک بڑا مرکز بن جائے گا۔

2- دلّی کی وزیراعلیٰ نے دلّی اسمبلی میں آج آبکاری پالیسی کے بارے میں CAG کی رپورٹ پیش کی۔ بے ہنگم رویہ کی وجہ سے عام آدمی پارٹی کے 12 ممبراسمبلی کو معطل کردیا گیا۔

3- اقوام متحدہ سلامتی کونسل نے امریکہ کی طرف سے مرتب کردہ ایک قرار داد منظور کی ، جس میں یوکرین کا تنازعہ فوری طور پر ختم کرنے اور روس اور یوکرین کے درمیان دائمی امن کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔

4- بھارت کے موسمیات کے محکمے نے مغربی ہمالیائی علاقوں اور شمال مشرقی میدانی علاقوں میں اگلے دو دِن میں بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

5- اور : آج راولپنڈی میں ICC چیمپئن ٹرافی کرکٹ ٹورنامنٹ میں جنوبی افریقہ آسٹریلیا کا سامنا کرے گی۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

---

**PM- Assam Visit**

وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ آسام بھارت اور جنوب مشرقی ایشیاء کے لیے غیر محدود امکانات کامرکز بن گیا ہے۔ انھوں نے یہ بات آج گوہاٹی میں ایڈوانٹیج آسام دو کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ سرمایہ کاری اور بنیادی ڈھانچے سے متعلق اِس دو روزہ کانفرنس میں وزیراعظم نے کہا کہ آسام مشرقی بھارت میں مال تیار کرنے کا ایک بڑا مرکز بن جائے گا۔ انھوں نے صنعت کاروں پر زور دیا کہ وہ اِس کی کلیدی اہمیت کو دیکھتے ہوئے اِس کا فائدہ اٹھائیں۔

***PM On Assam Economy***

اِس سے پہلے آسام کے وزیراعلیٰ ہیمنت بسوا شرما نے چوٹی میٹنگ کے افتتاح اجلاس کے دوران وزیراعظم مودی کا استقبال کیا۔ صبح کے اجلاس میں مختلف صنعت کاروں اور دیگر شخصیات نے چوٹی میٹنگ کے اجلاس سے خطاب کیا۔

***S-B PM On Policy***

اِس دو روزہ چوٹی میٹنگ کے وزارتی سطح کے سات اجلاس ہوں گے۔ چودہ دیگر اجلاسوں میں مختلف موضوعات ، جن میں صنعتی ارتقاء، عالمی تجارتی شراکت داری اور آسام کے چھوٹے، بہت چھوٹے اور متوسط درجے کے صنعتی اداروں پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔اِس چوٹی میٹنگ میں **240** نمائش کار بھی حصہ لے رہے ہیں۔

**CAG Report**

عام آدمی پارٹی ، حکومت کی آبکاری پالیسی سے متعلق بھارت کے کمپٹرولر اور آڈیٹر جنرل **CAG** کی رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ اِس آبکاری پالیسی سے سرکاری خزانے کا دو ہزار کروڑ روپے سے زیادہ محصول کا نقصان ہوا ہے۔ دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا کے ذریعے آج دلّی اسمبلی میں پیش کی گئی رپورٹ میں شہر کے ایکسائز کے محکمے کی جانب سے دلّی میں شراب کی سپلائی اور نگرانی کے دوران کی گئی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی۔ رپورٹ میں پایا گیا کہ تھوک فروشوں ، خردہ فروشوں ، ہوٹلوں ، کلبوں اور ریسٹورنٹس کو لائسنس دینے میں ضابطوں کی خلاف ورزی کی گئی۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ محکمہ ، ایکسائز کے قوانین ، ضابطوں اور شرطوں کی ضروری جانچ کے بغیر مختلف قسم کے لائسنس جاری کررہا تھا۔ **CAG** رپورٹ میں معیار سے متعلق ناکافی اقدامات کی بھی نشاندہی کی گئی۔ **x**

**Delhi Assembly - AAP MLAs Suspension**

دلّی اسمبلی میں عام آدمی پارٹی کے کم از کم **12** اراکینِ اسمبلی کو ، اُن کے نازیبا برتاؤ کی بناء پر آج اسمبلی سے معطل کردیا گیا۔ اِن میں اپوزیشن لیڈر آتشی اور سینئر **AAP** رہنما گوپال رائے شامل ہیں۔ اِس سے پہلے آج صبح جب لیفٹننٹ گورنر وی کے سکسینہ نے ایوان سے خطاب شروع کیا ، تب اپوزیشن اراکین نے نعرے بازی شروع کردی۔ اپوزیشن اراکین، دلّی کی وزیرِ اعلیٰ ریکھا گپتا کے دفتر سے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اور بھگت سنگھ کی تصویریں مبینہ طور پر ہٹائے جانے کے معاملے پر نعرے بازی کررہے تھے۔ برسرِ اقتدار **BJP** نے اِن الزامات سے انکار کیا ہے۔ شور و غل اور ہنگامہ آرائی کے دوران اسپیکر وجیندر گپتا نے ایوان کا نظام برقرار رکھنے کی بار بار گزارش کی لیکن اپوزیشن اراکین کا احتجاج جاری رہا۔ اِس کے بعد اسپیکر نے احتجاج کررہے عام آدمی پارٹی کے اراکینِ اسمبلی کے ، اُن کے نازیبا برتاؤ کی بناء پر ایوان سے معطلی کا اعلان کردیا۔ **x**

**RBI-New India Co-Operative Bank**

ریزرو بینک آف انڈیا **RBI** نے، نیو انڈیا کوآپریٹو بینک پر بہت سی پابندیاں نافذ کرنے کے کچھ دن بعد فی کھاتے دار کو **27** فروری **2025** سے **25** ہزار روپے تک کی جمع رقم نکالنے کی اجازت دے دی ہے۔ یہ اطلاع **RBI** کی طرف سے جاری کیے گئے ایک اخباری بیان میں کہی گئی ہے۔ بیان میں یہ کہا گیا ہے کہ اِس چھوٹ سے **50** فیصد سے زیادہ کھاتے دار اپنی پوری بقایہ رقم نکال سکیں گے، جبکہ باقی کھاتے داروں کو اپنے کھاتوں سے **25** ہزار روپے تک نکالنے کی اجازت ہوگی۔ بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ کھاتے دار بینک کی شاخ اور اے ٹی ایم سے یہ رقم نکال سکتے ہیں۔**x**

**Telangana Tunnel Rescue**

تلنگانہ میں **SLBC** کی سرنگ میں پھنسے ہوئے آٹھ افراد کو نکالنے کے لیے چوطرفہ کوششیں جاری ہیں۔ فوج، **NDRF** ، **SDRF** ، **Singareni** کوئلہ کانوں کا عملہ اور دیگر جوان امدادی اور بچاؤ کام انجام دینے میں مصروف ہیں۔ وشاکھا پٹنم کی بحریہ کے غوطہ خوروں کی ایک ٹیم بھی پھنسے ہوئے کارکنوں کو نکالنے کیلئے اِس کان میں گئی ہے، تاہم اب تک کسی کامیابی کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔ کیچڑ، پانی، لوہے کے سریوں اور سیمنٹ کے کچھ بلاکوں کی وجہ سے بچاؤ میں رکاوٹ پڑرہی ہے۔**x**

**MoSPI - Hackathon**

شماریات اور پروگرام کے نفاذ کی وزارت آج **GoIStats** کے ساتھ اختراع کے نام سے ایک ڈیٹا **Visualization**

ہیکاتھون کا آغاز کرے گی۔ یہ ہیکاتھون ''وکست بھارت کیلئے ڈیٹا پر مبنی بصیرت افروز معلومات'' کے موضوع پر مرکوز ہوگا۔ اِس ہیکاتھون کا مقصد نوجوان ذہنوں جیسے طلباء اور محققین کی حوصلہ افزائی کرنا ہے کہ وہ جدید اعداد و شمار پر مبنی بصیرت پیدا کرنے کیلئے نیشنل Statistics آفس (NSO) کے ذریعے تیار کردہ وسیع سرکاری اعداد و شمار کا استعمال کریں۔ ہیکاتھون **MyGoV** پلیٹ فارم پر 31 مارچ تک منعقد ہوگی۔ انڈر گریجویٹ، پوسٹ گریجویٹ یا تحقیق کرنے والے طلباء اِس میں شرکت کے اہل ہوں گے۔ x

**Mahakumbh - Digital Experience Centre**

اب خبریں مہاکنبھ سے ...

**Opening Montage**

پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ 2025 میں تین لاکھ 50 ہزار سے زیادہ عقیدتمندوں نے ڈیجیٹل ایکسپیرئنس سینٹر کا دورہ کیا ہے۔ روحانیت اور اختراع کے امتزاج سے یہ سینٹر ماڈرن ٹیکنالوجی کے ذریعے قدیم دیو مالائی کتھائیں لے کر آیا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور بھوٹان کے شاہ جگمے کھیسر نامگیال نے بھی مہاکنبھ میں اِس ڈیجیٹل ایکسپیرئنس سینٹر کا دورہ کیا اور اِس پہل کی ستاش کی۔ پیش ہے ایک رپورٹ ...

***VC - Adarsh - Abhishek***

***VC - Adarsh - Abhishek***

*مہاکنبھ میلہ علاقے کے سیکٹر چار میں قائم ڈیجیٹل ایکسپیرئنس سینٹر روحانی تقریبات میں توجہ کا ایک اہم مرکز ہے۔ AI ، ورچوئل ریئلٹی VR اور ہولوگرامس مل کر بھارت کی گوناگوں ثقافت اور جدید ڈیجیٹل پیشرفت کا مظاہرہ کررہے ہیں۔ اِس سینٹر میں ، خاص طور پر نوجوان عقیدتمندوں اور بین الاقوامی سیاحوں کی توجہ حاصل کی ہے، جس کے ذریعے ایک کروڑ 75 لاکھ روپے کا محصول حاصل ہوا ہے۔ 12 گیلریوں والے اِس سینٹر میں مہاکنبھ ، سَمدر منتھن ، یمنا ندی اور پریاگ کی ڈیجیٹل انداز میں قصہ گوئی کی جارہی ہے۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے ڈیجیٹل ایکسپیرئنس سینٹر کی تعریف کرتے ہوئے، اِسے ورثے اور ٹیکنالوجی کے درمیان پُل قرار دیا ہے۔ Mahatam*

*جناب آدتیہ ناتھ نے کہا کہ یہ سینٹر مستقبل کی نسلوں کی سَناتن ثقافت کو سمجھنے میں حوصلہ افزائی کررہا ہے۔*

*پریاگ راج سے آدرش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں .....*

**GoI - UNoDA**

حکومت ، آج سے آندھرا پردیش میں اقوامِ متحدہ سلامتی کونسل کی قرار داد 1540 اور ایشیاء - بحرالکاہل کیلئے اسٹریٹیجک تجارتی کنٹرول سے متعلق اپنی نوعیت کا پہلا صلاحیت سازی کا پروگرام منعقد کررہی ہے۔ یہ پروگرام غیر مسلح کاری سے متعلق اقوامِ متحدہ کے دفتر کے اشتراک سے منعقد کیا جارہا ہے۔ اس تین روزہ پروگرام میں 8 ملکوں سے 24 حکومتی ماہرین شرکت کررہے ہیں۔ یہ ممالک بنگلہ دیش ، کولمبیا ، انڈونیشیا ، عراق ، لاؤس PDR ، مالدیپ ، سری لنکا اور تھائی لینڈ ہیں۔ یہ فلیگ شپ پروگرام ، عدم پھیلاؤ کے بین الاقوامی منظرنامے میں تعاون کے تئیں بھارت کے عزم کا مظاہرہ کرتا ہے۔ x

**UNSC Ukraine War**

اقوام متحدہ سلامتی کونسل نے ایک قرارداد منظور کرکے یوکرین کے تنازعہ کو فوری طور پر ختم کرنے کی اپیل کی ہے۔ اِس قرار داد کو امریکہ نے مرتب کیا تھا اور اِس میں روس اور یوکرین کے درمیان دائمی امن پر زور دیا گیا ہے۔ اِس قرار داد کے حق میں دَس ملکوں نے ووٹ دیا، جبکہ مخالفت میں کوئی ووٹ نہیں ڈالا گیا۔ البتہ پانچ ملک ووٹنگ سے غیر حاضر رہے، جن میں فرانس، برطانیہ، ڈنمارک ،

یونان اور Slovenia شامل ہیں۔ اِس دستاویز میں اِس بات کو پھر کہا گیا ہے کہ اقوام متحدہ کا بنیادی مقصد بین الاقوامی امن اور سلامتی برقرار رکھنا اور تنازعات کو پرامن طریقے پر طے کرنا ہے۔ اقوام متحدہ میں امریکہ کے قائم مقام سفیر Dorothy Shea نے کونسل سے کہا کہ یہ قرار داد امن سمجھوتہ نہیں ہے، بلکہ امن کا ایک راستہ ہے۔ x

**China South Pacific**

جنوبی بحرالکاہل میں چین کی حالیہ سرگرمیوں کی وجہ سے پڑوسی ملکوں میں تشویش پیدا ہورہی ہے۔ آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے درمیان Tasman سمندر میں چین کے جنگی جہازوں نے اپنی مشقیں کی ہیں اور اِن کے دوران فائرنگ بھی کی گئی۔ اِن مشقوں کے بارے میں پہلے سے کوئی نوٹس نہیں دیا گیا تھا۔ اِن مشقوں کی وجہ سے کمرشیل پروازوں میں رخنہ پڑا اور علاقے میں کشیدگی میں بھی اضافہ ہوا۔ آسٹریلیا کے وزیر دفاع رچرڈ Marles نے آسٹریلیا کے خصوصی اقتصادی منطقع میں چین کے جنگی جہازوں کی موجودگی کو غیر معمولی قرار دیا، جبکہ نیوزی لینڈ کے وزیر دفاع Judith Collins نے مشقوں سے پہلے مختصر نوٹس دیئے جانے پر تشویش ظاہر کی۔x

**Israil Rads**

اسرائیل کے فوجیوں نے شام کے فوجی ٹھکانوں پر چھاپے مارے ہیں اور وہاں سے ملنے والے ہتھیار یا تو قبضے میں لے لیے گئے یا انہیں ضائع کردیا گیا۔ اسرائیل کی فوج کا کہنا ہے کہ اُس کے فوجیوں نے گولہ بارود، رائفلیں اور دوسرے فوجی ساز و سامان قبضے میں لے لیا، یا اُسے ضائع کردیا ہے یہ سب سامان شام کی سابقہ حکومت کی طرف سے چھوڑا گیا تھا۔ فوج نے اپنے ایک ویڈیو فوٹیج میں بتایا ہے کہ اِن چھاپوں کا مقصد شام کی فوج کے تمام ہتھیاروں اور اُس کی صلاحیتوں کو ختم کرنا تھا۔اِن چھاپوں سے پہلے اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو نے کہا تھا کہ جبل حرمون اور شام کی سرحد سے متصل بفر زون میں اپنی فوج کو غیر معینہ عرصے تک رکھے گا۔x

**IMD Weather**

بھارت کے موسمیات کے محکمے نے اگلے دو دِن کے دوران مغربی ہمالیائی پہاڑوں اور ملک کے شمال مشرقی خطے کے میدانی علاقوں میں بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے سینئر سائنسداں Soma Sen Roy نے آکاشوانی نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اگلے دو تین دِن کے دوران ملک کے مغربی ساحلی علاقوں میں درجۂ حرارت کے بہت زیادہ رہنے کاامکان ہے۔

***S-B Soma Sen Roy In GNR Mail***

**Cricket ICC Champions Trophy**

مردوں کی ICC چمپئنز ٹرافی کرکٹ میں کَل رات راولپنڈی میں گروپ- اے کے میچ میں نیوزیلینڈ نے بنگلہ دیش کو پانچ وکٹ سے ہرادیا۔ اس جیت سے نیوزیلینڈ، بھارت کے ساتھ گروپ-اے میں سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ اب نیوزیلینڈ اور بھارت کے گروپ-اے میں دو کامیابیوں کے ساتھ چار-چار پوائنٹس ہیں۔ بنگلہ دیش اور موجودہ چمپئن پاکستان ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئے ہیں کیونکہ دونوں ہی ٹیمیں اپنے دونوں میچ ہار گئی ہیں۔آج راولپنڈی میں گروپ-بی کے میچ میں جنوبی افریقہ کا مقابلہ آسٹریلیا سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ڈھائی بجے سے شروع ہوگا۔x

xxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxx